Digitized by Khilafat Library Rabwah

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی دعا "اک سے ہزار ہوویں" کی قبولیت کا زندہ و تابندہ نشان

سلسلہ عالیہ احمدیہ کا چھیاسی ۸۶ واں جلسہ سالانہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مرکز سلسلہ ربوہ میں شروع ہو گیا

پاکستان کے علاوہ امریکہ، افریقہ، یورپ اور ایشیا کے مختلف ممالک کے احمدی احباب اور خواتین کی جوق در جوق شرکت

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا بصیرت افروز افتتاحی خطاب اور اجتماعی دعا

اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا مشاہدہ کرتے ہوئے ہمیں اور ہماری نئی نسلوں کو اپنی اہم اور بڑھتی ہوئی دینی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیئے

ربوہ ۔۔۔ ۲۵ محرم الحرام ۱۳۹۹ھ (۲۶ دسمبر ۱۹۷۸ء - ۲۶ فتح ۱۳۵۷ ہجری شمسی) آج بروز منگل پونے گیارہ بجے صبح جماعت احمدیہ کا چھیاسی ۸۶ واں مقدس و بابرکت جلسہ سالانہ ۔۔۔ جو کہ بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مسیح محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا "اک سے ہزار ہوویں" کی قبولیت دعا کا ایک عظیم زندہ و تابندہ نشان ہے ۔۔۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ اسلامی اخوت و محبت اور نظم و ضبط کے مثالی روح پرور ماحول میں دعاؤں اور انابت الی اللہ سے معمور فضا میں شروع ہو گیا! سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بنفس نفیس جلسہ گاہ میں تشریف لا کر ایک نہایت بصیرت افروز اور روح پرور خطاب اور پرسوز اجتماعی دعا کے ساتھ جلسہ کا افتتاح فرمایا جس میں حضور نے غلبۂ اسلام کے بارہ میں اللہ تعالیٰ کی بشارات اور اس کے وعدوں کے پورا ہونے کا ایمان افروز تذکرہ کرتے ہوئے جماعت احمدیہ کو اور بالخصوص اس کی آنے والی نئی نسلوں کو ان کی اہم ذمہ داریوں کی طرف توجہ دلائی۔ حضور کے ایمان افروز افتتاحی خطاب کے وقت وسیع و عریض جلسہ گاہ اُن سامعین سے پُر ہو چکی تھی جو پاکستان کے کونے کونے کے علاوہ متعدد بیرونی ممالک سے بھی تشریف لائے ہوئے تھے چنانچہ افتتاحی اجلاس میں پاکستان کے علاوہ امریکہ، مغربی و مشرقی افریقہ کے مختلف ممالک، انگلستان، ہالینڈ، جرمنی، سویڈن، ماریشس، سری لنکا، انڈونیشیا، ملائشیا، بنگلہ دیش، انڈیا کی احمدی جماعتوں کے وفود اور احباب موجود تھے جن کے لئے سٹیج کے بائیں طرف جگہ مخصوص تھی

حضور ایدہ اللہ کی تشریف آوری اور ایمان افروز خطاب

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ۱۰ بجکر ۴۱ منٹ پر بذریعہ کار جلسہ گاہ میں تشریف لائے۔ جونہی حضور سٹیج پر رونق افروز ہوئے پوری جلسہ گاہ اَھْلًا وَّسَھْلًا وَّمَرْحَبًا، اللہ اکبر، اسلام زندہ باد اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث زندہ باد کے نعروں سے گونج اٹھی۔ حضور کے کرسیٔ صدارت پر جلوہ افروز ہونے پر کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جو کہ مکرم قاری حافظ محمد عاشق صاحب نے کی۔ اس کے بعد مکرم الحاج چوہدری شبیر احمد صاحب (وکیل المال اوّل) نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاکیزہ منظوم اُردو کلام میں سے چند اشعار پڑھ کر سنائے۔ تلاوت و نظم کے بعد گیارہ بجے حضور نے نعرہ ہائے تکبیر کے درمیان اپنا بصیرت افروز خطاب شروع فرمایا جس کا ملخص اپنے الفاظ میں درج ذیل کیا جاتا ہے:۔

تشہد و تعوذ اور سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے احباب جماعت کو مخاطب کر کے اور ان کے لئے دعائیں کرتے ہوئے فرمایا اے مہدیٔ موعود اور مسیح محمدی علیہ السلام کے وجود کی وہ سرسبز شاخ جو پھلوں سے لدی ہوئی ہو میں تم پر قربان! اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہی تمہیں اپنی حفاظت میں رکھے! اس کی تقدیر کی بے حد و حساب برکات میں سب سے زیادہ تمہارا حصہ ہو! اللہ تعالیٰ تمہارے اموال میں اور تمہارے نفوس میں برکت دے تمہاری زبانوں میں غیر معمولی تاثیر پیدا کرے اور تمہارے جذبۂ ایثار کو بڑھاتے ہوئے تمہاری اس خواہش اور تمنا کو پورا کرے کہ تم خدا اور اس کے رسول (صلے اللہ علیہ وسلم) کے لئے دنیا کے دلوں کو جیتنے میں کامیاب ہو جاؤ! حضور نے فرمایا ہمارا یہ جلسہ کوئی دُنیوی میلہ نہیں ہے یہ وہ جلسہ ہے جس کی بنیاد حضرت مہدی موعود علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اپنے ہاتھ سے اعلائے کلمۃ اللہ کے لئے رکھی تھی۔ اس جلسہ کا مقصد یہ ہے کہ ہم خدا اور اس کے رسول کی باتیں سنیں انہیں سمجھنے کی اور پھر ان پر عمل کرنے کی کوشش کریں اور اپنی زندگیوں کو ایسے رنگ میں ڈھالیں کہ ہم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر چلنے والے بن جائیں اور اس طرح خدا کے پیار کو زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائیں۔ جو احمدی اس جلسہ میں شامل ہوتے ہیں خواہ وہ باہر سے آئیں یا ربوہ کے مکین ہوں ان پر بڑی اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ ان میں سے ہر فرد کی زندگی اور اس زندگی کا ہر پہلو اسوۂ نبوی کے مطابق ہونا چاہیئے۔ انفرادی زندگی کی طرح ان کی اجتماعی زندگی بھی خالص اسلامی رنگ کی ہونی چاہیئے۔ دین اسلام زندگی کے ہر شعبے پر محیط ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ساری زمین کو میرے لئے مسجد بنایا گیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ دوسرے مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگ جن برکات کو اپنی اپنی عبادت گاہوں میں جا کر حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں وہ برکات ایک مسلمان زمین کے ہر حصہ اور ہر چپہ میں حاصل کر سکتا ہے۔ یہ جلسہ گاہ بھی برکتوں سے معمور ہے ان برکتوں کو حاصل کرنے کی کوشش کریں تقاریر کو غور سے سنیں اگر کوئی تقاریر کے دوران بولے اور گفتگو کرے تو اسے سمجھائیں کہ خاموشی کے ساتھ تقاریر کو سننا چاہیئے۔ کیونکہ ہمارا یہ جلسہ دین کی باتیں سننے سمجھنے اور پھر ان پر عمل کرنے کے لئے منعقد کیا جاتا ہے۔

حضور نے فرمایا ہمارا یہ ربوہ ایک

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ان الفضل بید اللہ یؤتیہ من یشاء عسیٰ ان یبعثک ربک مقاما محمودا

الفضل ربوہ

روزنامہ

ALFAZL RABWAH

مسعود احمد دہلوی

قیمت ۴۴۹ ۔ ۵۲۵۴

جلد ۶۷/۳۲ | ۲۶ محرم ۱۳۹۹ھ | ۲۶ فتح ۱۳۵۷ ہش | ۲۶ دسمبر ۱۹۷۸ء | نمبر ۲۹۴

پبلشر: مسعود احمد ۔ پرنٹر: سید عبدالحی ۔ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ربوہ ۔ مقام اشاعت: دفتر الفضل دارالرحمت غربی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

کا

شیریں اور پُر معارف کلام

جماعتِ احمدیہ کے چھیاسی ویں جلسہ سالانہ کے افتتاحی اجلاس منعقدہ ۲۶ دسمبر ۱۹۷۸ء میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی افتتاحی تقریر سے قبل حضور ایدہ اللہ کے ارشاد کی تعمیل میں سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے درج ذیل پُر معارف اشعار مکرم الحاج چوہدری قبیر احمد صاحب (وکیل المال اوّل تحریکِ جدید) نے خوش الحانی سے پڑھ کر سنائے:۔

کس قدر ظاہر ہے نُور اس مبدء الانوار کا
بن رہا ہے سارا عالم آئینہ ابصار کا

اُس بہارِ حُسن کا دل میں ہمارے جوش ہے
مت کرو کچھ ذکر ہم سے ترک یا تاتار کا

ہے عجب جلوہ تری قُدرت کا پیارے ہر طرف
جس طرف دیکھیں وہی راہ ہے ترے دیدار کا

چشمِ مستِ ہر حسیں ہر دم دکھاتی ہے تجھے
ہاتھ ہے تیری طرف ہر گیسوئے خم دار کا

آنکھ کے اندھوں کو حائل ہو گئے سَو سَو حجاب
ورنہ تھا قبلہ ترا رُخ کافر و دیندار کا

تیرے ملنے کے لئے ہم مل گئے ہیں خاک میں
تا مگر درماں ہو کچھ اِس ہجر کے آزار کا

خدا کے پاک لوگوں کو خدا سے نصرت آتی ہے
جب آتی ہے تو پھر عالم کو اِک عالم دکھاتی ہے

غرض رُکتے نہیں ہرگز خُدا کے کام بندوں سے
بھلا خالق کے آگے خلق کی کچھ پیش جاتی ہے

چھوٹا سا قصبہ ہے ویسے تو سینکڑوں کی تعداد میں یہاں وہ لوگ بھی رہتے ہیں جن کا ہماری جماعت سے تعلق نہیں ہے لیکن چونکہ یہ ہمارا مرکز ہے اس لئے ہم اسے اپنا قصبہ کہہ دیتے ہیں۔ ہمارے اس قصبہ نے بھی خدا کے بڑے نشان دیکھے ہیں جلسہ کے موقع پر اس قصبہ کے مکانات ہزاروں ہزار مہمانوں کو اپنے اندر سمیٹ لیتے ہیں۔ ہمارا مرکز بننے سے قبل یہ علاقہ ایسا تھا کہ لوگ شام کے وقت اس میں سے اس لئے نہیں گذرنا پسند کرتے تھے کہ اس میں سانپ، بھیڑیئے اور ڈاکو ہوتے تھے لیکن اب اس علاقہ میں اتنا بڑا انقلاب بپا ہو گیا ہے کہ جہاں پہلے اس میں خلقِ خدا کو دُکھ دینے والے بستے تھے وہاں اب اس میں وہ لوگ بستے ہیں جو پیار اور محبت کے ساتھ ساری دُنیا کے قلوب کو خدا اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خاطر جیتنے کے لئے کوشاں ہیں اور سب کی خدمت پر آمادہ ہیں۔

حضور نے فرمایا پس یاد رکھو کہ یہ جگہ اب بڑی برکتوں والی بن گئی ہے کیونکہ یہ اس جماعت کا مرکز ہے جسے خدا اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے سب سے زیادہ پیار کرنے والے آپؐ کے ایک خادم اور روحانی بیٹے نے قائم کیا ہے اس جماعت کی ایک ہی تڑپ اور تمنا ہے اور وہ یہ کہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لائے ہوئے نور سے منوّر ہو کر ساری دُنیا کو روشن کر دیا جائے اور پیار و محبت اور خدمت کے بے لوث جذبہ کے ساتھ اسلام کو دُنیا میں غالب کرنے کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔ اس میں میرا یا آپ کی کوئی خوبی نہیں ہے یہ سب کچھ تو خدا کے ایک منصوبہ کے ماتحت ہو رہا ہے جو انشاء اللہ ضرور اپنے وقت پر پورا ہو کر رہے گا۔

حضور نے فرمایا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جنوری ۱۹۰۰ء میں اپنے ربّ کے حضور ایک دعا کی اور فرمایا اے میرے ربّ میں نے تیرے نشانوں کو دیکھا اور تیرے منشاء کے مطابق نیکوکاروں کی ایک جماعت قائم کی لیکن دُنیا کی اکثریت مجھے قبول نہیں کر رہی وہ مجھے جھوٹا تصور کرتی ہے اے خدا اگر تیری نگاہ میں بھی میں مقہور ہوں تو تو مجھے ہلاک کر دے اور اگر تو نے ہی مجھے بھیجا ہے اور یہی سچ ہے کہ تو نے خود مجھے کھڑا کیا ہے تو پھر تین سال کے اندر اندر کوئی ایسا نشان دکھا جس میں کسی انسانی ہاتھ کا کوئی دخل نہ ہو (تریاق القلوب)

حضور نے فرمایا تین سال کا یہ عرصہ ۳۱ دسمبر ۱۹۰۲ء تک بنتا ہے اس عرصہ میں اللہ تعالیٰ نے ایک نشان نہیں بلکہ لگاتار اور مسلسل ایسے نشان پر نشان دکھلائے جن کے پورا ہونے میں کسی انسانی ہاتھ کا ہرگز دخل نہیں تھا۔ اس عرصہ میں جو نشان ظاہر ہوئے وہ تذکرہ کے کم و بیش ۱۳۰ صفحات میں پھیلے ہوئے ہیں (احباب کو ضرور ان نشانات کا مطالعہ کرنا چاہیئے)۔ اس عرصہ میں جماعت کی ترقی کی رفتار کئی گنے زیادہ ہو گئی۔ حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ کا وعدہ یہ ہے کہ جب تک اس کی بیان فرمودہ سب بشارتیں پوری نہیں ہو جاتیں وہ نشان پر نشان دکھلاتا چلا جائے گا یہ نشان آج بھی پورے ہو رہے ہیں۔ گذشتہ ۷۶ سال کے عرصہ میں جماعت کی تعداد خدا کے فضل سے ایک کروڑ تک پہنچ چکی ہے اور ہمارے اندازے کے مطابق انشاء اللہ تعالیٰ اگلی صدی غلبۂ اسلام کی صدی ہو گی جبکہ ساری دُنیا پر اسلام غالب آجائے گا اور کیا مسلمان اور کیا غیر مسلم سب اس امر کے قائل ہو جائیں گے کہ واقع میں یہ جماعت اسلام کی خدمت کے لئے کھڑی ہوئی ہے اور اس نے ساری دُنیا کے قلوب کو خدا اور اس کے رسولؐ کے قدموں میں لا ڈالا ہے۔

حضور نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نشانات اور جماعت کی ترقی کے ساتھ ساتھ ہماری جماعت میں نئی آنے والی نسلوں کے کندھوں پر ذمہ داریوں کے بوجھ میں بھی اضافہ ہوتا جا رہا ہے اس لئے ہماری نئی نسلوں کو بہت بہت دعائیں کرنی چاہئیں اور مسلسل کوشش کرنی چاہیئے تاکہ اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے پورا ہونے اور جماعت کی ترقی کی رفتار میں کوئی کمی نہ آنے پائے۔ پس اپنے مقام کو سمجھو اپنی ذمہ داریوں کو محسوس کرو اور پھر ان کی اہمیت و عظمت کے مطابق انہیں ادا کرنے کی کوشش کرو۔

آخر میں حضور نے فرمایا۔ آؤ اب مل کر ہم دعا کریں کہ اے ہمارے خدا! تو نے جس غرض اور جس مقصد سے مسیح موعودؑ کو ظاہر کیا وہ پوری ہو۔ ہماری نئی نسلوں پر جو بوجھ پڑنے والا ہے تو ہم سے بڑھ کر انہیں اس بوجھ کو اٹھانے اور خلوصِ نیت کے ساتھ اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی توفیق دے، ان کے صحنِ سینہ میں کبھی شرک کا کوئی شائبہ تک نہ ہو وہ خالص توحید کو اپنے سینوں میں، اپنی رُوحوں میں اور اپنی زندگیوں میں قائم کرنے والے ہوں وہ توحیدِ خالص کے سوا دُنیا کی ہر چیز کو ایک مرا ہوا کیڑا سمجھیں تاکہ اللہ تعالیٰ ان سے پیار کرے اور غلبۂ اسلام کے بارہ میں ان کی اور ہم سب کی خواہش اور تمنا کو پورا کرے اور آنے والی صدی واقعی غلبۂ اسلام کی صدی ہو جبکہ ساری دُنیا کے دل ہم خدا اور اس کے رسولؐ کے لئے پیار و محبت کے ساتھ جیتنے میں کامیاب ہو جائیں۔ ہمیں بلا امتیاز ساری دُنیا کی بہتری اور بھلائی کے لئے بھی دعائیں کرنی چاہئیں اور پھر ان لوگوں کے لئے بھی دعائیں کرنی چاہئیں جو ساری دُنیا میں پھیلے ہوئے ہیں اور دُنیا کی اصلاح کے لئے کوشاں ہیں۔

ساڑھے گیارہ بجے قبل دوپہر حضور کا یہ بصیرت افروز افتتاحی خطاب ختم ہوا جس کے بعد حضور نے پُرسوز اجتماعی دعا کے ساتھ جلسہ سالانہ کا افتتاح فرمایا اور پھر نعرہ ہائے تکبیر کے درمیان حضور بذریعہ کار واپس تشریف لے گئے۔ حضور کے تشریف لے جانے کے بعد مردانہ اور زنانہ جلسہ گاہوں میں پروگرام کے مطابق کارروائی جاری رہی۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نجی سرمایہ کاری کی جانب رواں دواں

حیدری انٹرنیشنل فنانس لمیٹڈ نجی سرمایہ کاری کا ایک کثیر المقاصد ادارہ
جو ہر قسم کے بڑے اور چھوٹے کاروبار، تجارت اور صنعت کے لیئے آپ کو اپنی بہترین ماہرانہ اور فنی خدمات فراہم کرے گا

حیدری فنانس

- سرمایہ کاری کے سلسلے میں آپ کو مفید مشورے دے گا۔
- آپ کی بچت اور منافع کا تحفظ مہیا کرے گا۔
- آپ کا رابطہ مشہور عالمی منڈیوں اور نامور کاروباری افراد سے مسلسل قائم رکھے گا۔ بلکہ اسے مزید فروغ بھی دے گا۔
- آپ جتنا بھی سرمایہ لگائیں گے اس کی مکمل ضمانت دے گا۔
- یہی نہیں بلکہ آپ کو منافع کی نسبت زیادہ شرح کا یقین بھی دلائے گا۔
- آپ کی سہولت کے لیئے کاروباری امور سے متعلق تمام ضروری تفصیلات خود طے کرے گا۔
- اور آپ کو ہر قسم کی غیر ضروری مالی پریشانی سے نجات دلائے گا۔
- بلا سود سرمایہ کاری کے طریق کار پر۔

حیدری انٹرنیشنل فنانس لمیٹڈ
نجی سرمایہ کاری کا منفرد ادارہ

هُوَ الشَّافِی

دانت درد کا علاج

دانتوں کے امراض کے متعلق مشورہ اور لٹریچر
مفت

پائیوریا (PYORRHEA) کا مکمل کورس ۱۵/-
کیریز (CARIES) کا مکمل کورس ۱۵/-
پائیوریا پاؤڈر (PYORRHEA POWDER) ۴/-

کیور ٹیو میڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر ابر ہومیو) ربوہ
فون ۶۰۶/۶۰۷

حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ عنہ کے مبارک ہاتھوں سے قائم کردہ

دواخانہ حکیم نظام جان

سنہ ۱۹۱۰ء سے اسی نام سے دکھی انسانوں کی خدمت کرتا چلا آرہا ہے!
اس سال ربوہ میں ہماری دکان نزد ریلوے کراس ہوگی۔

دواخانہ کی مشہور ادویات

حبہ اٹھرا	مکمل کورس	۲۵ روپے	زد جام عشق	۴۰ روپے
زینہ اولاد گولیاں		۲۰ "	تریاق معدہ	۵ "
شہزین	ایک ماہ خوراک	۱۰ "		

عورتوں کے معائنہ کا علیحدہ انتظام ہے

منجانب حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

نقالوں سے بچیں

ہاضمون رجسٹرڈ خریدتے وقت نصرت کیمیکل ورکس ربوہ کا لیبل دیکھ کر خریدیں
ملتے جلتے ناموں اور نقالوں سے بچیں۔

حکیم نذیر احمد ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نظارت اشاعت لٹریچر کی نئی مطبوعات

۱- براہین احمدیہ حصہ پنجم
۲- مسیح ہندوستان میں
} تصنیفات حضرت مسیح موعود علیہ السلام

۳- حضرت مسیح علیہ السلام کی صلیب سے نجات۔ مکرم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کی تصنیف Deliverance From The Cross کا اردو ترجمہ از قاضی محمد نذیر فاضل ناظر اشاعت۔

۴- مسیح کشمیر میں۔ مصنفہ مولوی محمد اسد اللہ صاحب قریشی مربی سلسلہ۔

۵- گورونانک کی دوسری شادی۔ مصنفہ گیانی عباد اللہ صاحب۔

جلسہ سالانہ کے موقعہ پر مرکز سے ضرور طلب فرمائیں۔

دعائے مغفرت

مکرم سید عبد الحی صاحب شاہد ایم۔ اے ایڈیٹر ماہنامہ انصار اللہ ربوہ کے خسر محترم شیخ محبوب الٰہی صاحب ۱۹ دسمبر کی شام کو دل کا دورہ پڑنے سے اچانک وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

۲۰ دسمبر کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نماز ظہر کے بعد مسجد مبارک میں ان کا جنازہ پڑھایا۔

مرحوم سرینگر کشمیر کے ایک ہندو برہمن خاندان کے فرد تھے۔ ۱۹۳۵ء میں جبکہ وہ کالج کے طالب علم تھے انہیں احمدیت قبول کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے قادیان بلوا کر مدرسہ احمدیہ میں داخل کروایا۔ آپ کچھ عرصہ کشمیر کے نائب پراونشل امیر بھی رہے۔

مرحوم کے پسماندگان میں ان کی اہلیہ کے علاوہ پانچ بیٹیاں اور ایک بیٹا عزیز انعام الٰہی ہیں۔ احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبر عطا کرے۔

دانت مت نکلوائیے

ورنہ عمر بھر اس نقصان کی تلافی نہ ہو سکے گی

اینٹی پائیوریا	ANTI PYORRHEA	قیمت ۱۵/-
اینٹی کیریز	ANTI CARIES	قیمت ۱۵/-
پائیوریا منجن	PYORRHEA POWDER	قیمت ۴/-
ٹوتھ کیور	TOOTH CURE	قیمت ۲/-

دانتوں کے متعلق مفید لٹریچر مفت حاصل کریں

کیور ہیومیڈیسن کمپنی رجسٹرڈ (ڈاکٹر راجہ ہومیو) گولبازار ربوہ فون ۶۰۶/۶۰۷

نصرت آباد

ربوہ کی اضافی بستی میں اپنے لئے تجارتی اور سکنی پلاٹ خرید کر فائدہ اٹھائیے۔ محلہ دارالرحمت کے بالکل قریب عقب مسجد اقصیٰ (غربی جانب) میٹھا پانی۔ پُرکشش باغات اور سرسبز مقام۔ کشادہ سڑکیں۔ سٹرف چوڑی ساہیوال چنیوٹ روڈ پر واقع۔ مستقبل قریب میں ربوہ کے مضافات کا تجارتی مرکز کی حیثیت سے ابھرنے والی فوری رجسٹری، فوری قبضہ کی بنیاد پر خریدنے کیلئے رجوع فرماویں

بلال اسٹیٹس رجسٹرڈ پراپرٹی ڈیلرز — فون دفتر ۵۰۸ — فون رہائش ۴۰۵

اقصیٰ روڈ۔ ربوہ

مبارک احمد۔ برکات احمد ۲۴/۱۸ دارالرحمت وسطی ربوہ

فون ۶۱۲

خالص

سونے چاندی کے حسب منشاء زیورات جدید ڈیزائنوں میں بنوانے اور خرید و فروخت کا

اعلیٰ مرکز

محمود گولڈ سمتھ

بِاَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ کی دیدہ زیب انگوٹھیاں، سندھی و قریشی کوکے خریدنے کا

اعلیٰ مرکز

چوہدری محمود احمد گلزار احمد۔ گولبازار ربوہ عقب مسلم کمرشل بنک

مایۂ ناز مرکبات

حبوب اکسیر	مکمل کورس	۲۴ روپے
دوائی اولاد نرینہ	"	۳۰ "
زد جام عشق	۲۰ گولی	۴۰ "
حب عنبر	۳۰ "	۱۰ "
حب نادر	۳۰ "	۱۵ "

مکمل معلومات کیلئے فضل عمر دواخانہ قریشی مارکیٹ گولبازار ربوہ

آپ کو جلسہ سالانہ میں شمولیت مبارک ہو

ایوانِ محمود کے بالکل سامنے حضرت حکیم نظام جان صاحب (مرحوم) کے چشمۂ فیض

مشہور دواخانہ

میں عورتوں اور مردوں کے شعبہ جات مصروفِ خدمت ہیں

حکیم عبد الحمید

مشہور دواخانہ ۵ ربوہ

فون ۶۲۴

اعلان

مَیں اپنی زمین واقعہ محلہ باب الابواب رقبہ ایک کنال سے قدرے زائد فروخت کرنا چاہتا ہوں۔ رجسٹری کا خرچ بوجہ خریدار ہوگا۔ بالمشافہ فیصلہ کیلئے میرے والد صاحب چوہدری علی اکبر صاحب یا خاکسار سے رجوع فرمائیں۔

عطاء الرحمٰن ابن چوہدری علی اکبر صاحب محلہ باب الابواب ربوہ

ہر قسم کا کپڑا

نہایت ارزاں قیمت پر

عطاء کلاتھ ہاؤس

رحمت بازار ربوہ

سے طلب فرمائیں!

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

ربوہ اور گرد و نواح میں ہر قسم کی جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے آپ کا مخلص و معاون ادارہ خواجہ اسٹیٹس اینڈ پراپرٹی ڈیلرز ۵۔ مسجد اقصیٰ روڈ۔ بالمقابل ایوانِ محمود ربوہ